وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے سالانہ امتحانات 1426ھ تا 1434ھ میں
نمایاں کامیابی حاصل کرنے والے طلباء وطالبات، مدارس وجامعات کے لئے

تقریبات تقسیم انعامات، اعزازات
واجتماعات مجلس عمومی

یہ بات عیاں ہے کہ عالمی اور ملکی میڈیا مدارس وجامعات، اہل علم اور دیندار طبقہ کے خلاف نہ صرف بے بنیاد پروپیگنڈہ اور کردارکشی میں مصروف عمل ہے بلکہ اسلام، مراکز اسلام اور علماء کرام کے خلاف منظم منصوبہ بندی کے ذریعے عوام الناس میں تنفر پھیلا رہا ہے۔ ان حالات میں ضروری ہے کہ باطل کے اس حملے کا منظم انداز میں نہ صرف جواب دیا جائے بلکہ اتفاق واتحاد کے ذریعے منظم دفاع کی صورتیں اجاگر کی جائیں۔

اسی تناظر میں ,,وفاق المدارس العربیہ پاکستان،، کی مجلس عاملہ نے ,,وفاق،، کی مجلس عمومی کے صوبائی سطح پر اجتماعات اور تقاریب انعامات منعقد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یاد رہے کہ ,,وفاق المدارس،، سے ملحق ہر ادارہ مجلس عمومی کا رکن ہے۔ مجلس عمومی کے اجتماعات میں اکابر علماء کرام، دینی جماعتوں کے قائدین اور تمام ملحق جامعات ومدارس کے مہتممین حضرات شرکت کریں گے۔

وفاق المدارس کے سالانہ 1426ھ تا 1434ھ میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء وطالبات اور مدارس وجامعات میں انعامات واعزازات تقسیم کیے جائیں گے۔ ان تقاریب میں طالبات کے انعامات ان کے سرپرست وصول کریں گے۔ تقریبات کی تفصیل درج ذیل ہے۔

نمبر شمار	صوبہ	بمقام	تاریخ
1	خیبر پختونخواہ	جامعہ عثمانیہ جدید، گلشن عمر کیمپس چراٹ روڈ نوتی، پشاور	16 مارچ 2014ء مطابق 14 جمادی الاولیٰ 1435ھ بروز اتوار صبح 9 بجے
2	پنجاب	جامعہ خیر المدارس ملتان	20 مارچ 2014ء مطابق 18 جمادی الاولیٰ 1435ھ بروز جمعرات صبح 9 بجے
3	سندھ	جامعہ دار العلوم کراچی	23 مارچ 2014ء مطابق 21 جمادی الاولیٰ 1435ھ بروز اتوار صبح 9 بجے
4	بلوچستان	مرکزی تجوید القرآن سرکی روڈ کوئٹہ	25 مارچ 2014ء مطابق 23 جمادی الاولیٰ 1435ھ بروز منگل صبح 9 بجے
5	کشمیر، گلگت بلتستان	دار العلوم الاسلامیہ چھتر دومیل مظفر آباد	27 مارچ 2014ء مطابق 25 جمادی الاولیٰ 1435ھ بروز جمعرات صبح 9 بجے
6	مرکزی تقریب	اسلام آباد	زیر غور

(۱) خیبر پختونخواہ کی تقریب کے سرپرست حضرت مولانا انوار الحق صاحب اور کنوینئر مولانا حسین احمد صاحب ہوں گے۔

(۲) پنجاب کی تقریب کے لئے سرپرست حضرت مولانا عبد المجید لدھیانوی صاحب، کنوینئر حضرت مولانا زبیر احمد صدیقی صاحب، حضرت مولانا قاضی عبد الرشید صاحب، معاون مولانا ارشاد احمد صاحب، مولانا مفتی محمد طاہر مسعود صاحب، مولانا مفتی محمد مظہر شاہ صاحب، مولانا عبد المجید صاحب (ناظم دفتر وفاق) ہونگے۔

(۳) سندھ کی تقریب کے کنوینئر مولانا رشید اشرف صاحب جبکہ مولانا امداد اللہ صاحب اور مولانا ڈاکٹر سیف الرحمٰن صاحب معاون ہوں گے۔

(۴) بلوچستان کی تقریب کے لئے کنوینئر مفتی صلاح الدین صاحب جبکہ مولانا قاری مہر اللہ صاحب معاون ہوں گے۔

(۵) مرکزی تقریب کے لئے کنوینئر حضرت مولانا قاضی عبد الرشید صاحب جبکہ ان کے معاون مولانا ظہور احمد علوی صاحب ہوں گے۔

(۶) کشمیر وگلگت بلتستان کی تقریب کے لئے سرپرست مولانا سعید یوسف صاحب اور کنوینئر مولانا قاضی محمود الحسن صاحب ہونگے۔

(۷) تقریبات کے انتظامات ودیگر معاملات ناظم دفتر وفاق اور محاسب دفتر وفاق، متعلقہ کمیٹیوں کے ساتھ باہمی مشاورت سے طے کریں گے۔